۱ سلام کرنا

کمرے میں ایک لڑکی بیٹھی ہے۔ دوسری لڑکی کمرے میں داخل ہو کر سلام کرتی ہے؛

السلام علیکم۔

پہلی لڑکی جواب دیتی ہے؛

وعلیکم السلام۔

تیسری لڑکی کمرے میں داخل ہوتی ہے اور دونوں کو اس طرح سلام کرتی ہے؛

سلام علیکم۔

دونوں لڑکیوں نے جواب دیا، لیکن ایک لڑکی نے کہا؛

وعلیکم السلام۔

اور دوسری لڑکی نے جواب دیا؛

وعلیکم سلام۔

اب کمرے میں ایک لڑکا داخل ہوتا ہے اور کہا ہے؛

آداب عرض ہے۔

ایک لڑکی اس کو جواب دیتی ہے؛

آداب۔

دوسری لڑکی اس کو جواب دیتی ہے؛

آداب عرض ہے۔

پھر ایک لڑکی کمرے میں آتی ہےاور کہتی ہے؛

تسلیمات۔

ایک دو لڑکیاں اس کے جواب میں یہی کہتی ہیں؛

تسلیمات۔

مگر ایک لڑکی اس کے جواب میں کہتی ہے؛

تسلیم۔